# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 26,2024

پریس ریلیز

**آئی پی ایس ندھن ولسن کا جامعہ اسکول کے طلبہ سے تحریک آمیز خطاب، ہیش ایس ایچ دو ہزار چوبیس پکھواڑہ اور ہیش ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت پودے بھی لگائے**

سردست دہلی پولیس میں ڈی سی پی کے عہدے پر مامور محترم ندھن ولسن نے جامعہ سینئر سکینڈری اسکول (جے ایس ایس ایس) جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہندی پکھواڑہ کے اختتام کے موقع پر ایک تحریک آمیز خطبہ دیا۔ جناب ولسنن نے پکھواڑے کے دوران شعرخوانی، پوسٹر سازی اور افسانہ نگاری کے منعقدہ مقابلوں کے فاتحین کو اسناد تقسیم کیں۔

جناب ولسن سرطان کے مرض سے صحت یاب ہوئے ہیں، وہ آئرن میں ستر اعشاریہ تین فنشر بھی ہیں اور ان کے نام لمکا بک کا ریکارڈ بھی ہے۔ انھوں نے کینسر کو شکست دینے کی اپنی کہانی کے بیان کے ساتھ 'فرام کینسر مین ٹو آئرن مین' کے نام سے ایک کتاب بھی تصنیف کی ہے۔ انھوں نے پر جوش تقریر سے اسکول کے طلبہ کو تحریک دی۔ طلبہ سے اپنے تجربات ساجھا کیے اور ان سے کہا کہ سخت اور نا مساعد حالات میں ہمت اور حوصلہ نہ ہاریں۔

جناب ولسن نے ہیش سوچھتا ہی سیوا دو ہزار چوبیس پکھواڑہ اور ہیش ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت اسکول کیمپس میں پودے بھی لگائے۔ جے ایس ایس ایس اسکول کے پرنسپل ڈاکٹر ارشد خان نے مہمان خصوصی کی تہنیت کرتے ہوئے ان کی خدمت میں شال اور مومنٹو پیش کیے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی